حصہ "ب" (مختصر سوالات)

سوال نمبر 2: [illegible] حاصل کیا؟

سوال نمبر 3: حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ [illegible] سبق ملتا ہے؟

سوال نمبر 4: فاطمہ بنت عبداللہ نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں کس طرح اپنی جان قربان کی؟

سوال نمبر 5: عمر کے ساتھ شیخ صاحب کی عقل میں کیا فرق آیا؟

سوال نمبر 6: مرزا غالب کی شخصیت میں کیا خوبیاں تھیں؟

سوال نمبر 7: مولوی عبدالحق نے مسلم کو اپنے خط میں کیا نصیحت کی؟

سوال نمبر 8: حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے گھر کا کیا حال تھا؟

سوال نمبر 9: واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیے۔ شیخ۔ توقعات۔ ہجر۔ سطور

سوال نمبر 10: ذیل کے الفاظ کے ساتھ لا، نا، بے اور غیر لگا کر نئے الفاظ بنائیے۔

واقف۔ حاصل۔ دین۔ حاضر

سوال نمبر 11: مندرجہ ذیل لاالفاظ کے متضاد بنائیے۔ پرانی۔ کلی۔ دشمن۔ محفوظ

سوال نمبر 12: مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر لکھیے۔ بیگم۔ خان۔ گائے۔ نائی

سوال نمبر 13: جملہ درست کر کے لکھیے۔

بندوں۔ اپنے۔ اللہ تعالیٰ۔ کرم۔ کرتا۔ پر۔ ہے

حصہ "ج" (تفصیلی سوالات)

سوال نمبر 14: درج ذیل جز کی تشریح بحوالہ سبق کیجیے۔

''زندگی کی قدر و قیمت کا حساب اس سے نہیں لگایا جاتا کہ کون کتنے سال جیا، بلکہ یہ کہ کس نے اپنی زندگی میں کیسے کام کیے۔''

سوال نمبر 15: مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی بھی ایک شعر کی تشریح کیجیے۔

(الف) کچھ تم سے بھی زیادہ مقدم ہے ان کا حق جن کو کہ بھوک پیاس سے سونا حرام تھا

(ب) روک لو، گر غلط چلے کوئی بخش دو گر خطا کرے کوئی

سوال نمبر 16: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ فضول رسمیں۔ قومی اور علاقائی زبانیں

سوال نمبر 17: دو دوستوں کے درمیان میانہ روی اختیار کرنے پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 18: اپنے دوست کو خط لکھیے جس میں بتائیے کہ ہمیں نظریہ پاکستان کے تحفظ کیلئے کیا کرنا چاہیے؟

(یا) نظم آمد بہار کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔